علیؑ مولود کعبہ
نشرواشاعت:
تحفظ عقائد تشیع ٹیم

بسم الله الرحمن الرحیم الحمد لله رب العالمین،والصلاۃ والسلام علی خیر خلقه و أفضل بریته محمد و عترته الطاهرین،واللعن الدائم علی أعدائهم أجمعین الی یوم الدین

علی مولود کعبہ

تیرہویں ماہِ رجب سن تیس عام الفیل سے

لب پے دیوارِ حرم کے مرتضیٰ کی بات ہے

اوجؔ اعظمی

قلم: سید ابوِ ہشام نجفی

ترتیب: علی ناصر

نشر و اشاعت: تحفظ عقائد تشیع ٹیم

اللہ سبحانہ تعالی نے اپنے ولی کامل اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم نے خلیفہ برحق و بلافصل کی ولادت کے لئے اپنے پاک و پاکیزہ گھر بیت اللہ الحرام کا انتخاب کیا وہ گھر جس کی تعمیر اس کے حکم سے خلیل اللہ ابراہیم و ذبیح اللہ اسماعیل علیہما السلام نے کی جس گھر کی عظمت و تکریم کے متعلق ارشاد فرماتا ہے:

إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَهُدًى لِلْعَالَمِينَ ﴿٩٦ - ٣﴾

بے شک سب میں پہلا گھر جو لوگوں کی عبادت کو مقرر ہوا وہ ہے جو مکہ میں ہے برکت والا اور سارے جہان کا رہنما۔

قابل غور امر یہ ہے کہ روح اللہ عیسی ابن مریم علیہما السلام کی ولادت کے موقع پر اللہ سبحانہ تعالی نے مریم سلام اللہ علیہا کو بیت المقدس سے چلے جانے کا حکم دیا مگر مادر امیرالمومنین علیہما السلام کے لئے بیت اللہ کی دیوار نے مسکراکر راستہ بنادیا، کائنات میں یہ شرف صرف آپ کو حاصل ہے ،نہ آپؑ سے پہلے کوئی مولود کعبہ تھا اور نہ آپؑ کے بعد کوئی اس پاکیزہ گھر میں پیدا ہوگا۔

شاز و نادر منافقین کو چھوڑ کر تمام امت کا اس امر پر اتفاق ہے کہ آپ علیہ السلام کی جائے ولادت کعبہ ہے، اہل بیت علیہم السلام کی روایات سے اخذ شیعیان حیدر کرار علیہ السلام کا یہ مسلم عقیدہ ہے اور سلف سے خلف تک تمام علماء رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اسے تسلیم کیا ہے بلکہ یہ بات ہمارے یہاں فوق تواتر سے ثابت ہے، بعض علمائے کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تحقیق کو قارئین کرام کی نظر کرتے ہیں۔

1 شیخ صدوق علیہ السلام :

آپ نے ایک مستقل کتاب اس موضوع پر لکھی تھی (مولد مولانا علي علیہ السلام بالبیت) اس کا ذکر ابن طاووس علیہ الرحمہ نے کیا ہے۔

اليقين باختصاص مولانا علي عليه السلام بإمرة المؤمنين، ، ص: 191

اس علاوہ بھی آپ کی کتاب العلل وغیرہ میں تفصیلي روایات موجود ہیں۔

2 شیخ مفید علیہ الرحمہ :

ولد بمكة في البيت الحرام يوم الجمعة الثالث عشر من رجب سنة ثلاثين من عام الفيل ولم يولد قبله ولا بعده مولود في بيت الله تعالى سواه إكراما من الله تعالى له بذلك وإجلالا لمحله في التعظيم

الإرشاد في معرفة حجج الله علي العباد ج 1 ص 5

(آپ علیہ السلام) کی ولادت مکہ مکرمہ میں بیت الحرام میں بروز جمعہ 13 رجب 30 عامل الفیل کو ہوئی نہ آپ سے پہلے اور نہ آپ کے بعد کسی کی ولادت بیت اللہ میں نہیں ہوئی یہ اللہ سجانہ تعالی کی طرف سے آپ کے اکرم و تعظیم کے سبب تھا ۔

3 جامع نہج البلاغہ سید اجل رضی علیہ الرحمہ :

ولد ع بمكة في البيت الحرام لثلاث عشرة ليلة خلت من رجب بعد عام الفيل بثلاثين سنة و لا نعلم مولودا ولد في الكعبة غيره.

خصائص الأئمة، ص 39۔

4 شیخ الطائفۃ طوسی علیہ الرحمہ :

وُلِدَ بِمَكَّةَ فِي الْبَيْتِ الْحَرَامِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِثَلَاثَ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَجَبٍ بَعْدَ عَامِ الْفِيلِ بِثَلَاثِينَ سَنَة

تهذيب الأحكام، ج 6 ص 19

5 ابن شہرآشوب علیہ الرحمہ :

ليس المولود في سيد الأيام يوم الجمعة في الشهر الحرام في البيت الحرام سوى أمير المؤمنين عليه السلام.

مناقب آل أبي طالب، ج 2 ص 200،

یہ بعض شیعہ علماء کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تحقیق تھی۔

اہل سنت کے یہاں بھی یہ امر مسلم ہے بعض نواصب کو چھوڑ کر کسی نے بھی اس حقیقت کا انکار نہیں کیا

غلام مصطفی امن پوری نے حسب عادت اس فضیلت کو رد کرنے کی کوشش کی ہے اپنے ماہنامہ السنۃ در حقیقت البدعہ میں ایک موضوع اس حقیقت کے انکار کے طور پر لکھا :

/http://mazameen.ahlesunnatpk.com/moulood-e-kaaba

خارجی ناصبیوں کی بدنام زمانہ اور جھوٹ کی ٹکسال محدث فارم نامی ویب سائٹ پر اس حقیقت کے انکار کے لئے بہت کچھ جھوٹ و فریب پھیلایا گیا

اسحاق ناصبی نے سعید مجتبی سعیدی ناصبی کا ایک مضمون (مولود کعبہ حضرت حکیم بن حزام) چسپاں کیا:

https://forum.mohaddis.com/threads/%D9%85%D9%88%D9%84%D9%88%D8%AF-%DA%A9%D8%B9%D8%A8%DB%81-%D8%AD%D8%B6%D8%B1%D8%AA-%D8%AD%DA%A9%DB%8C%D9%85-%D8%A8%D9%86-%D8%AD%D8%B2%D8%A7%D9%85-%D8%B1%D8%B6%DB%8C-%D8%A7%D9%84%D9%84%DB%81-%D8%AA%D8%B9%D8%A7%D9%84%DB%8C%D9%B0-/%D8%B9%D9%86%DB%81.38079

اس کے سوا اور بھی کئی ناصبیوں کے مضامین موجود ہیں مگر کوی دلیل نہیں دی گئی بلکہ ایک دوسرے کا تھوکا ہوا ہی چاٹا گیا ہے، ناصبیوں نے پوری کوشش کی کہ کسی طرح اس فضیلت کا امیرالمومنین علیہ السلام کے حق میں انکار کر کے اسے حکیم بن حزام نامی شخص کے حصہ میں ڈال دیں۔

ناصبیوں نے اپنے ہی بنائے ہوئے قوانین توڑ کر فقط و فقط بغض امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہما السلام میں حکیم کو مولود کعبہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے

امن پوری نے دو روایت نقل کیں جن میں امیرالمومنین علیہ السلام کا کعبہ میں پیدا ہونا مذکور تھا، ان کی سند پر کلام کرنے کے بعد لکھتا ہے:

"رہی مؤرخین کی تصریحات،تو وہ بھی اس کے بالکل خلاف ہیں،وہ سب یہی کہتے ہیں کہ سیدنا حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ پہلے اور آخری مولودِ کعبہ ہیں۔

الحاصل : سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا مولودِ کعبہ ہونا کسی معتبر دلیل سے ثابت نہیں۔اس بارے میں کوئی صحیح و صریح روایت ذخیرۂ حدیث میں موجود نہیں"۔

ناصبی کو چاہیے تو یہ تھا کہ اپنے دعوے کی دلیل میں کسی مؤرخ کا قول نقل کرتا ،مگر خود جانتا تھا کہ کوی ایک قول بھی اس کے باطل دعوے کی دلیل نہیں بن سکتا.

ناصبی نے کسی مورخ کا قول نقل نہیں کیا، البتہ سعید مجتبی سعیدی نے اپنے موقف کی تائید میں کئی مردود قول نقل کئے ہیں لکھتا ہے:

حکیم بن حزام کے متعلق لکھا ہے :

(واقعہ فیل سے بارہ تیرہ برس قبل آپ کی ولادت کعبہ مشرف کے اندر ہوئی،اور یہ ایک ایسی منفرد اور بے نظیر خصوصیت ہے جو پوری کائنات میں آپ کے سوا کسی دوسرے کو حاصل نہیں)،پھر لکھتا ہے:(شیعہ حضرات امیرالمومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق دعوی کرتے ہیں کہ انکی بھی ولادت کعبہ میں ہوئی تھی،مگر کسی مستند حوالے سے ان کے بارے میں یہ بات پایہ ثبوت کو نہیں پہنچ سکی)۔

(احمق ناصبی نے یہ دعوٰی بھی بغیر دلیل کے کیا، حق تو یہ تھا کہ ہماری کتب احادیث سے امیرالمومنین علیہ السلام کی کعبہ میں ولادت کے متعلق تمام روایات کو ہمارے اصولوں پر جانچ کر رد کرتا علماء کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اقوال و انکی تحقیقات کو اصولوں سے رد کرتا اور پھر یہ دعوٰی کرتا کہ شیعہ حضرات کے پاس کوی مستند دلیل نہیں، مگر بے حیا نے نہ کوی حدیث رد کی نہ علماء کرام رضواناللہ علیہم

اجمعین کے اقوال کو رد کیا بلکہ اپنی طرف سے یہ جھوٹ لکھ دیا کہ ہمارے پاس مستند حوالہ نہیں، احمق کو بتاتے چلیں یہ جو ہم تمہاری کتب سے استدلال کرتے ہیں یہ تم پر حجت قائم کرنے کے لیے ہے، جیسے مسلمان غیر مسلموں کی کتب سے ان پر حجت قائم کرتے ہیں اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہوتا کہ مسلمان ان کی کتب کو معتبر مانتے ہیں یا مسلمانوں کے پاس اپنی کتب نہیں، بلکہ ان کا یہ عمل بطور قاعدہ الزام کے ہے کہ مقابل کو اس کی ہی کتابوں سے قائل کیا جا سکے، اتنی چھوٹی سی بات ان ناصبیوں کے دماغ میں نہیں گھستی!)

ابن حزام کی کعبہ میں ولادت کے متعلق دلائل پیش کرتے ہوئے لکھتا ہے :

1۔امام مسلم بن حجاجؒ کی شہادت:۔

امام موصوف اپنی مایہ ناز کتاب " صحیح مسلم "میں فرماتے ہیں۔

وُلِد حكيم في جوف الكعبة ، وعاش مئة وعشرين سنة . (باب ثبوت اخيار المجلس للمتبايعين 10/176)

کہ حکیم بن حزام کی ولادت کعبہ مشرفہ کے اندر ہوئی اور انہوں نے ایک سو بیس سال عمر پائی۔

2۔امام سیوطی کی شہادت مولدہ :وُلِد حكيم في جوف الكعبة

(تدریب الراوی طبع جدید2/358)

3۔وُلِد حکیم في جوف الکعبۃ(ریح النسرین للسیوطی ص49) کہ حکیم کی ولادت کعبہ کے اندر ہوئی۔

4۔امام نوویؒ کی شہادت:۔

امام موصوف شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں۔

ومن مناقبه أنه ولد في الكعبة! قال بعض العلماء ولا يعرف أحد شاركه في هذا

کہ حکیم بن حزام کی ولادت کعبہ کے اندر ہوئی۔ بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ "کوئی دوسرا شخص اس خصوصیت میں ان کا شریک نہیں۔"

5۔ "وُلِد حَكِيم بن حزام رضي الله عنه ولد فِي جَوف الْكَعْبَة ، وَلَا يعرف أحد ولد فِيهَا غَيره ، وَأما مَا رُوِيَ عَن عَلّي رَضي اللهُ عَنهُ أَنه ولد فِيهَا فضعيف)تہذیب الاسماء اللغات للنووی 166/1(

کہ حکیم کی ولادت کعبہ کے اندر ہوئی کوئی دوسرا شخص اس کے اند مولود نہیں ہوا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں جو یہ بات بیان کیجاتی ہے۔ تو یہ قول اہل علم کے نزدیک ضعیف ہے۔

6۔ قَالَ الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ: كَانَ مَوْلِدُ حَكِيمٍ فِي جَوْفِ الْكَعْبَة)تدریب 2/359 وتہذیب 2/448(

7۔ سمعت علي بن غنام العامري يقول:(ولد حكيم بن حزام في جوف الكعبة دخلت أمه الكعبة فمخضت فيها فولدت في البيت(المستدرک للحاکم 3/482(

ان دونوں قولوں کا مفہوم بھی یہی ہے کہ حکیم بن حزام کی ولادت کعبہ کے اندر ہوئی۔

8۔ مصعب بن عبد اللہ کہتے ہیں۔

وَكَانَتْ وَلَدَتْ ... مَا كَانَ تَحْتَهَا مِنَ الثِّيَابِ عِنْدَ حَوْضِ زَمْزَمَ ، وَلَمْ يُولَدْ قَبْلَهُ ، وَلا بَعْدَهُ فِي الْكَعْبَةِ أَحَدٌ)المستدرک للحاکم 3/483(

کہ ان کی والدہ انھیں کعبے کے اندر جنم دیا۔ ان سے پہلے اور بعد کوئی بھی کعبہ کے اندر پیدا نہیں ہوا۔

اس پر امام حاکم لکھتے ہیں کہ کہ اس آخری بات میں مصعب کو وہم ہوا۔ متواتر روایات سے ثابت ہے کہ امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب کی بھی ولادت کعبہ کے اندر ہوئی تھی۔(ملاحظہ ہو المستدرک 3/483)

9۔ قال شیخ الاسلام:۔

ولا يعرف ذلك لغيره. وأما ما روي أن عليا ولد فيها فضعيف)تدریب الراوی 360/2(

شیخ الاسلام فرماتے ہیں:۔ کہ یہ خصوصیت ان کے علاوہ کسی دوسرے کو حاصل نہیں۔مستدرک میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں جو منقول ہے وہ ضعیف ہے۔

10۔ابن عبد البرؒ کی شہادت:۔

آپ فرماتے ہیں: کہ حکیم کعبہ کے اندر پیدا ہوئے۔(الاستعیاب 363/1)

11۔ ولد حكيم فى جوف الكعبة، ولا يُعرف أحد ولد فيها غيره، وأما ما روى أن على بن أبى طالب، رضى الله عنه، ولد فيها، فضعيف عند العلماء) . عنوان التحابہ ص62(

کہ حکیم کی ولادت کعبہ کے اندر ہوئی اور کوئی دوسرا شخص اس خصوصیت میں ان کا شریک نہیں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں یہ اہل علم کے نزدیک ضعیف ہے۔

12۔ حکیم بن حزام یقول ولدت قبل قدوم أصحاب الفیل بثلاث عشرۃ سنۃ(خلاصہ تہذیب الکمال ص90)

کہ حکیم کی ولادت عام الفیل سے تیرہ برس قبل کعبہ کے اندر ہوئی۔

https://forum.mohaddis.com/threads/%D9%85%D9%88%D9%84%D9%88%D8%AF-%DA%A9%D8%B9%D8%A8%DB%81-%D8%AD%D8%B6%D8%B1%D8%AA-%D8%AD%DA%A9%DB%8C%D9%85-%D8%A8%D9%86-%D8%AD%D8%B2%D8%A7%D9%85-%D8%B1%D8%B6%DB%8C-%D8%A7%D9%84%D9%84%DB%81-%D8%AA%D8%B9%D8%A7%D9%84%DB%8C%D9%B0-/%D8%B9%D9%86%DB%81.38079

یہ چند ناصبیوں کے اقوال تھے جو اس نے بطور استدلال تحریر کیا ہے۔

ان کا مختصر جواب یہ ہے کہ مسلم سے لیکر سیوطی تک کسی بھی ناصبی نے اپنے موقف کی تائید میں کوئی روایت پیش نہیں کی جس کی سند کسی صحابی یا تابعی تک جاتی ہو بلکہ سب نے مکھی پر مکھی ماری ہے، جب ان کے موقف کے خلاف کوئی بات ہو تو یہ سند کے پجاری سند سند کا رونا شروع کر دیتے ہیں اور بات جب اپنے مزاج کی ہو تو نہ اب سند کی کوئی ضرورت نہ راویوں کی تحقیق کی ضرورت ہے بلکہ اصل مقصد یہ ہے کہ مقام امیرالمومنین علیہ السلام کو کسی طرح گھٹایا جا سکے، ان خارجیوں کو چیلنج ہے کہ فقط ایک متصل صحیح سند نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم یا کسی صحابی یا تابعی تک دکھا دیں جس میں ابن حزام کے کعبہ میں پیدا ہونے کا ذکر ہو یہ جماعت جہنم واصل ہو جائے گی مگر ایک صحیح سند حدیث یا صحابی و تابعی کا قول نہیں دکھا سکتی جس سے ان کے موقف کی تائید ہو۔

اور اگر حجت علماء کے اقوال ہیں تو جتنے اقوال ابن حزام کی پیدائش کے متعلق ہیں اس سے کہیں زیادہ تصریحات امیرالمومنین علیہ السلام کے متعلق ہیں بعض علماء اہل سنت کے اقوال ملاحظہ فرمائیں:

1 معروف مؤرخ ابو الحسن علی بن الحسین شافعی المسعودی المتوفی 346

اپنی مشہور زمانہ کتاب مروج الذہب میں لکھتے ہیں

وكان مولده في الكَعبة .

اور آپ (علیہ السلام) کعبہ میں پیدا ہوئے

مروج الذهب، ج 2 ص 273

2 مؤرخ اسلام علامہ سبط ابن جوزی حنفی المتوفی 654

وروي أن فاطمة بنت أسد كانت تطوف بالبيت وهي حامل بعلي (ع) فضربها الطلق ففتح لها باب الكعبة فدخلت فوضعته فيها .

روایت کی گئی ہے کہ فاطمہ بنت اسد خانہ کعبہ کا طواف کر رہی تھیں جبکہ علی (علیہ السلام) ان کے شکم میں تھے . انہیں درد زہ شروع ہوا تو ان کے لئے کعبہ کے دروازے کھل گئے پس وہ اندر داخل ہوئیں اور وہیں علی (علیہ السلام) پیدا ہوئے۔

تذكرة الخواص، ص 10

3 شيخ الشافعية شرف الدين ابي محمد عمر بن شجاع الدين محمد بن عبد الواحد الموصلي المتوفی 657

ومولده في الكعبة المعظمة، ولم يولد بها سواه .

اورآپ (علیہ السلام) کی جائے ولادت کعبہ معظمہ ہیں اور وہاں آپ کے سوا کوئی اورپیدا نہیں ہوا ۔

النعيم المقيم لعترة النبأ العظيم، ص 55

4امام اہل سنت ابو عبداللہ محمد بن یوسف الشافعي الكنجى المتوفى 658

ولد أمير المؤمنين علي بن أبي طالب بمكة في بيت الله الحرام ليلة الجمعة لثلاث عشرة ليلة خلت من رجب سنة ثلاثين من عام الفيل ولم يولد قبله ولا بعده مولود في بيت الله الحرام سواه إكراما له بذلك ، وإجلالا لمحله في التعظيم .

امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب (علیہما السلام) مکہ مشرفہ میں داخل بیت الحرام شب جمعہ تیرا رجب سنہ تیس عامل الفیل کوپیدا ہوئے، اور نہ آپ سے پہلے کوی وہاں پیدا ہوا اور نہ آپ کے بعد کوئی پیدا ہوگا، یہ آپ کے اکرام، جلالت و تعظیم کے سبب تھا

كفاية الطالب، ص 405-406

5الامام الكبير المحدث، شيخ المشائخ، صدرالدين ،الأوحد الأكمل، فخر الاسلام، صدرالدين إبراهيم بن المؤيد بن حمويه الخراساني المتوفي 722

جن کے سبب غازان خان منگول بادشاہ نے اسلام قبول کیا

روي أنها لما ضربها المخاض اشتد وجعها فأدخلها أبوطالب الكعبة بعد العتمة فولدت فيها علي وقيل لم يولد في الكعبة إلا علي.

اور روایت کی گئی ہے کہ جب ان کا وضع حمل کا وقت قریب آیا درد زہ میں شدت ہوئی تو (حضرت) ابو طالب (علیہ السلام) ان کو اول شب میں وارد کعبہ کیا جہاں علی (علیہ السلام) کی ولادت ہوئی، کہا گیا ہے کعبہ میں آپ کے سوا کسی اور کی ولادت نہیں ہوئی

فرائد السمطین، ج1، ص425-426

6 محدث الحرم جمال الدین محمد بن یوسف الزرندي الحنفی المتوفی 750

وولد كرم الله وجهه في جوف الكعبة

آپ کرم اللہ وجہ کعبہ کے اندرپیدا ہوئے

معارج الوصول، ص49

نیز اپنی دوسری کتاب میں لکھتے ہیں

وأمه فاطمة بنت أسد ابن هاشم بن عبد مناف وهي أول هاشمية ولدت لهاشمي روي انه لما ضربها المخاض أدخلها أبو طالب الكعبة بعد العشاة فولدت فيها علي بن أبي طالب .

آپ کی والدہ محترمہ فاطمہ بنت اسد ابن ہاشم ہیں اور وہ اول ہاشمی خاتون تھیں جنہوں نے ہاشمی بچے کو جنم دیا روایت ہے کہ جب انکو درد زہ ہوا تو ابو طالب (علیہ افضل السلام) نے ان کو عشاء کے بعد وارد کعبہ کیا جہاں آپ (علیہ السلام)کی ولادت ہوئی

نظم درر السمطین، ص76

7 نور الدين علي بن محمد المعروف بابن الصباغ المالكي المتوفی 855

ولد علي (عليه السلام) بمكة المشرفة بداخل البيت الحرام في يوم الجمعة الثالث عشر من شهر الله الأصم رجب الفرد سنة ثلاثين من عام الفيل قبل الهجرة بثلاث وعشرين سنة ، وقيل بخمس وعشرين ، وقبل المبعث باثني عشرة سنة ، وقيل بعشر سنين . ولم يولد في البيت الحرام قبله أحد سواه ، وهي فضيلة خصه الله تعالي بها إجلالا له وإعلاء لمرتبته وإظهارا لتكرمته .

علی (علیہ السلام)مکہ مشرفہ میں داخل بیت الحرام یوم جمعہ تیرا رجب سنہ تیس عامل الفیل کو پیدا ہوئے اور آپ سے پہلے کوی کعبہ میں پیدا نہیں ہوا، اور یہ خاص فضیلت ہے جو اللہ سبحانہ تعالی نے آپ کو عطاء کی تاکہ آپ کا عظیم مرتبہ، جلالت اور تکریم کا اظہار ہو ۔

الفصول المهمة، ص 29

8 امام عبدالرحمٰن بن عبدالسلام الصفوری الشافعی المتوفی 894

أن عليا ولدته امه بجوف الكعبة شرفها الله تعالي وهي فضيلة خصه الله تعالي بها.

حضرت علی رضی اللہ عنہ کعبہ کے اندرپیدا ہوئے اور یہ فضیلت خاص طور پر آپ کے لئے اللہ تعالیٰ نے مخصوص فرما رکھی تھی۔

نزهة المجالس، ص 159

9 مؤرخ، حسین بن محمد بن الحسن الدیار بکري المتوفی 966

و في السنة الثلاثين من مولده صلي الله عليه وسلم ولد علي بن أبي طالب رضي الله عنه في الكعبة.

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی ولادت کے تیس سال بعد علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کعبہ میں پیدا ہوئے

تاریخ الخمیس، ج1، ص379

10 معروف مؤرخ علي بن برہان الدین الحلبي الشافعي المتوفی 1044

وفي السنة الثلاثين من مولده صلي الله عليه وسلم ولد علي بن أبي طالب كرم الله وجهه في الكعبة.

نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی ولادت کے تیسویں سال علی کرم اللہ وجہ کعبہ میں پیدا ہوئے ۔

السيرة الحلبية، ج3، ص485

11 شاہ ولی اللہ دہلوی المتوفی 1176

و از مناقب وی رضی الله عنه که در حین ولادت او ظاهر شد یکی آن است که در جوف کعبه معظمه تولد یافت.

اورآپ رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں سے ایک یہ بھی ہے جو وقت ولادت ظاہر ہوائی کہ آپ داخل کعبہ معظمہ پیدا ہوئے ۔

إزالة الخفاء عن خلافة الخلفاء، ج 4 ص 262

12 امیر محمد بن إسماعيل الصنعاني المتوفی 1182

وأما مولده فولد بمكة المشرفة في البيت الحرام سنة ثلاثين من عام الفيل في اليوم الجمعة الثالث [عشر] من رجب.

اور ان کی ولادت مکہ مشرفہ میں داخل بیت الحرام تیس عامل الفیل یوم جمعہ تیرا رجب کو ہوئی ۔

الروضة الندية، ص36

13 مؤمن بن حسن بن مؤمن الشبلنجي الشافعي

ولد رضي الله عنه بمكة داخل البيت الحرام علي قول يوم الجمعة ثالث عشر رجب الحرام سنة ثلاثين من عام الفيل قبل الهجرة .

آپ رضی اللہ عنہ مکہ میں داخل بیت الحرام بروز جمعہ تیرہ رجب سنہ تیس عامل الفیل قبل کو پیدا ہوئے ۔

نور الابصار، ص158

14 سلفی عالم صالح الغامدي

أمه فاطمة بنت أسد بن هاشم بن عبد مناف. ولدته في جوف الكعبة

آپ کی والدہ محترمہ فاطمہ بنت اسد ابن ہاشم ہیں انہوں نے آپ کو کعبہ کے اندر جنم دیا ۔

الاكتفاء في اخبار الخلفاء، ج 1 ص 480

14 کے مبارک عدد پر اکتفا کرتے ہیں اگر تمام علماء اہل سنت کے اقوال نقل کرنے لگیں تو یہ کتابچہ ضخیم کتاب کی شکل اختیار کر لیگا، یہ ائمہ ،مؤرخین و محدثین علمائے اہل سنت کے اقوال تھے جنکی قدر و منزلت اہل سنت کے یہاں مسلم ہے،

دل صاحب انصاف سے انصاف طلب ہے

کیا یہی انصاف ہے کہ اگر ہے کہ اگر علماء کا ایک گروہ ابن حزام کی کعبہ میں ولادت کا ذکر کرے تو وہ قابل قبول اور اگر علماء کا دوسرا گروہ امیرالمومنین علیہ السلام کی کعبہ میں ولادت کا ذکر کرے تو روایت موضوع منگڑھت ہوجائے!

اس کی فقط ایک ہی وجہ ہے ہے بغض علی ،ماں کی خطاؤں کا نتیجہ اب اور وجہ اس کے سوا ہو نہیں سکتی یہاں تک علماء کے اقوال تھے، علماء اہل سنت نے امیرالمومنین علیہ السلام کی کعبہ میں ولادت کی تصریح کی ہے بلکہ اسے خبر متواتر تسلیم کیا ہے:

امام اہل سنت حاکم نیسابوری نے اس خبر کو متواتر کہا ہے :

"فقد تواترت الاخبار ان فاطمة بنت أسد ولدت أمير المؤمنين علي بن أبي طالب كرم الله وجهه في جوف الكعبة"

المستدرک علی الصحیحین، ج3، ص550

متواتر اضبار سے ثابت ہے کہ فاطمہ بنت اسد نے علی بن ابی طالب کرم اللہ وجھہ کو کعبہ کے اندر جنم دیا۔

المستدرك

على الصحيحين

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

مع تضمينات الإمام الذهبي في التلخيص والميزان والعراقي في أماليه والمناوي في فيض القدير وغيرهم من العلماء الأجلاء

أول طبعة مرقمة الأحاديث ومقابلة على عدة مخطوطات

دراسة وتحقيق

مصطفى عبد القادر عطا

كتاب الهجرة، كتاب المغازي والسرايا، كتاب معرفة الصحابة

الجزء الثالث

منشورات

محمد علي بيضون

لنشر كتب السنة والجماعة

دار الكتب العلمية

بيروت - لبنان

وهشام، وأمهم زينب بنت العوام بن خويلد بن عبد العزى بن قصي، ويقال: بل أم هشام بن حكيم مليكة بنت مالك بن سعد من بني الحارث بن فهر، وقد أدرك ولد حكيم بن حزام كلهم النبي ﷺ وأسلموا يوم الفتح وصحبوا رسول الله ﷺ، وكان حكيم بن حزام فيما ذكر قد بلغ عشرين ومائة سنة ومرّ به معاوية عام حج فأرسل إليه بلقوح يشرب من لبنها وذلك بعد أن سأله أي الطعام تأكل؟ فقال: أما مضغ فلا مضغ فيّ فأرسل إليه باللقوح وأرسل إليه بصلة فأبى أن يقبلها وقال: لم آخذ من أحد بعد النبي ﷺ شيئاً، ودعاني أبو بكر وعمر إلى حقي فأبيت عليهما أن آخذه.

قال ابن عمر: ثنا ابن أبي الزناد، عن أبيه قال: قيل لحكيم بن حزام ما المال يا أبا خالد؟ فقال: قلة العيال. قال: وقدم حكيم بن حزام المدينة فنزلها وبنى بها داراً ومات بالمدينة سنة أربع وخمسين وهو ابن مائة وعشرين سنة.

١٦٤٢/٦٠٤٤ - أخبرنا أبو بكر محمد بن أحمد بن بالويه، ثنا إبراهيم بن إسحاق الحربي، ثنا مصعب بن عبد الله فذكر نسب حكيم بن حزام وزاد فيه وأمه فاختة بنت زهير بن أسد بن عبد العزى وكانت ولدت حكيماً في الكعبة وهي حامل فضربها المخاض وهي في جوف الكعبة فولدت فيها فحملت في نطع وغسل ما كان تحتها من الثياب عند حوض زمزم ولم يولد قبله ولا بعده في الكعبة أحد.

قال الحاكم: وهم مصعب في الحرف الأخير فقد تواترت الأخبار أن فاطمة بنت أسد ولدت أمير المؤمنين علي بن أبي طالب كرم الله وجهه في جوف الكعبة.

١٦٤٣/٦٠٤٥ - أخبرنا الشيخ أبو بكر بن إسحاق الإمام رحمه الله، أنا إسماعيل بن قتيبة، ثنا أبو بكر بن أبي شيبة، ثنا علي بن مسهر، عن هشام بن عروة، عن أبيه أن حكيم بن حزام لم يقبل من أبي بكر شيئاً حتى قبض ولا من عمر حتى قبض ولا من عثمان ولا من معاوية حتى مات.

١٦٤٤/٦٠٤٦ - حدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، ثنا الحسن بن علي بن

٦٠٤٤ - قال في التلخيص: قال الحاكم: وهم مصعب في الحرف الأخير، فقد تواترت الأخبار أن علياً ولد في جوف الكعبة.

٦٠٤٥ - سكت عنه الذهبي في التلخيص.

٦٠٤٦ - قال في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

حاکم کے اس قول سے ناصبیوں کے دل جل کر خاکسر ہو گئے حاکم کی رد میں ایک ناصبی لکھتا ہے :

(امام حاکم کو خود ایسا زبردست وہم ہوا ہے کہ جسکی کوئی مثال ہی نہیں ہے،حالانکہ امام حاکم کو اور بھی بڑے بڑے وہم ہوئے ہیں۔

امام حاکم نے متواتر خبروں سے علی رضی اللہ عنہ کا مولود کعبہ ہونا بیان کیا،جبکہ حقیقت یہ ہے کہ اہلسنت والجماعت کی کسی بھی حدیث یاتاریخ کی کتاب میں ایسی کوئی جھوٹی روایت بھی موجود نہیں ہے،سوائے ایک اکیلی روایت اور وہ بھی ضعیف ہے۔

تو پھر تواتر کہنا سراسر ظلم کی بات ھے۔ یا پھر زبردست وھم ھے۔ اور پھر امام حاکم میں شیعت بھی تھی۔ جسکا انکار ممکن نہیں۔

اس قول کو بطور دلیل پیش کرنا کم فہمی ہے کیونکہ حاکم یہاں تو تواتر کا دعویٰ کر رہے ہیں اور فضائل علیؓ کے باب میں ایک بھی صحیح بلکہ صحیح تو دور ایک ضعیف روایت بھی پیش کرنے کی جرأت نہ کرسکے جس میں حاکم کے دعوے کی دلیل ہو تو فقط حاکم کے کہنے پر متواتر کون مانے؟

جب کہ حاکم کی تاریخ وفات ٤٠٥ ھجری ہے اب ایک واقعہ جو کہ حاکم کی پیدائش سے بھی کئی سو سال پہلے کا ہے اس واقعہ کو حاکم کے کہنے پر تسلیم کرنا اور نہ صرف تسلیم بلکہ متواتر کہنا نا انصافی ہوگا

دوسری بات یہ کہ اس کے تواتر کے دعوے میں حاکم منفرد ہیں ان کے سوا محدثین میں سے کسی نے اس واقعہ کے تواتر کا دعویٰ نہیں کیا۔

تیسری اور اہم بات یہ کہ اہل علم جانتے ہیں کہ حاکم نیم شیعہ تھے اور ان کا تواتر کا دعویٰ اسی سلسلے کی ایک کڑی بھی ہوسکتا ہے۔)

https://forum.mohaddis.com/threads/%D9%85%D9%88%D9%84%D9%88%D8%AF-%DA%A9%D8%B9%D8%A8%DB%81-%DA%A9%D9%88%D9%86%D8%9F%D8%9F-%D8%AD%D9%86%DB%8C%D9%81-%D9%82%D8%B1%DB%8C%D8%B4%DB%8C-%DA%A9%D8%A7-%D8%B3%D8%B1-%D8%A7%D9%88%D8%B1-%D8%A7%D8%B3-%DA%A9%DB%92-%D8%A7%D9%BE%D9%86%DB%92-

%D8%B9%D9%84%D9%85%D8%A7%D8%A1-%DA%A9%D8%A7-
/%D8%AC%D9%88%D8%AA%D8%A7.37958

امن پوری ناصبی نے بھی لکھا ہے :

تنبیہ: امام حاکم رحمہ اللہ (المستدرک : 3/384) فرماتے ہیں کہ متواتر روایات سے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا مولودِ کعبہ ہونا ثابت ہے، لیکن یہ بات امام صاحب رحمہ اللہ کی خطا ہے، کیونکہ متواتر تو کیا اس مفہوم کی روایات ''حسن'' یا ''صحیح'' بھی نہیں۔

/ http://mazameen.ahlesunnatpk.com/moulood-e-kaaba

اس سے پہلے کہ اشکالات کے جوابات دیں حاکم نیساپوری کے مقام و مرتبہ کو ائمہ اہل سنت کی زبانی ہی نقل کرتے ہیں:

ذہبی لکھتا ہے :

- الإمام الحافظ ، الناقد العلامة ، شيخ المحدثين ، أبو عبد الله بن البيع الضبي الطهماني النيسابوري ، الشافعي
- حدث عنه : الدارقطني وهو من شيوخه
- وصنف وخرج ، وجرح وعدل ، وصحح وعلل ، وكان من بحور العلم

- سمعت الخليل بن عبد الله الحافظ ذكر الحاكم وعظمه ، وقال : له رحلتان إلى العراق والحجاز ، الثانية في سنة ثمان وستين ، وناظر الدارقطني ، فرضيه ، وهو ثقة واسع العلم ، بلغت تصانيفه قريبا من خمسمائة جزء ، يستقصي في ذلك ، يؤلف الغث والسمين
- عن عبد الغافر بن إسماعيل قال : الحاكم أبو عبد الله هو إمام أهل الحديث في عصره
- واختص بصحبة الإمام أبي بكر الصبغي ، وكان الإمام يراجعه في السؤال والجرح والتعديل
- ولقد سمعت مشايخنا يذكرون أيامه ، ويحكون أن مقدمي عصره مثل أبي سهل الصعلوكي والإمام ابن فورك وسائر الأئمة يقدمونه على أنفسهم ، ويراعون حق فضله ، ويعرفون له الحرمة الأكيدة . ثم أطنب عبد الغافر في نحو ذلك من تعظيمه ، وقال : هذه جمل يسيرة هي غيض من فيض سيره وأحواله ، ومن تأمل كلامه في تصانيفه ، وتصرفه في أماليه ، ونظره في طرق الحديث أذعن بفضله ، واعترف له بالمزية [ص: 171] على من تقدمه ، وإتعابه من بعده ، وتعجيزه اللاحقين عن بلوغ شأوه ، وعاش حميدا ، ولم يخلف في وقته مثله ، مضى إلى رحمة الله في ثامن صفر سنة خمس وأربعمائة
- قال أبو حازم عمر بن أحمد العبدويي الحافظ : سمعت الحاكم أبا عبد الله إمام أهل الحديث في عصره
- وسمعت السلمي يقول : سألت الدارقطني : أيهما أحفظ : ابن منده أو ابن البيع ؟ فقال : ابن البيع أتقن حفظا.
- قال أبو حازم : أقمت عند أبي عبد الله العصمي قريبا من ثلاث سنين ، ولم أر في جملة مشايخنا أتقن منه ولا أكثر تنقيرا ، وكان إذا أشكل عليه شيء ، أمرني أن أكتب إلى الحاكم أبي عبد الله ، فإذا ورد جواب كتابه ، حكم به ، وقطع بقوله.
- قال ابن طاهر : سألت سعد بن علي الحافظ عن أربعة تعاصروا : أيهم أحفظ ؟ قال : من ؟ قلت : الدارقطني ، وعبد الغني ، وابن منده ، والحاكم . فقال : أما الدارقطني فأعلمهم

بالعلل ، وأما عبد الغني فأعلمهم بالأنساب ، وأما ابن منده فأكثرهم حديثا مع معرفة تامة ، وأما الحاكم فأحسنهم تصنيفا .

- قال ابن طاهر : ورأيت أنا حديث الطير جمع الحاكم بخطه في جزء ضخم ، فكتبته للتعجب
- فقال أبو علي : لا تفعل ، فما رأيت أنت ولا نحن في سنه مثله ، وأنا أقول : إذا رأيته رأيت ألف [ص: 177] رجل من أصحاب الحديث.

- امام، حافظ، احادیث کا محقق، علامہ محدثین کا بزرگ دارقطنی نے اس کے استاد ہونے کے بعد بھی اس سے روایت نقل کی، تصنیف و (احادیث کی) تخریج کرنے والا (راویوں کے متعلق) جرح و تعدیل کرنے والا،(سقیم)و صحیح و علل حدیث کا ماہر علم کا سمندر
- خلیل بن عبداللہ نے کہا اس وہ ثقہ بہت زیادہ علم رکھنے والا تھا اس کی تصانیف کی تعداد پانچ سو کے قریب پہنچی، عبدالغفار نے کہا حاکم ابو عبداللہ اپنے زمانے میں اہل حدیثوں کا امام تھا
- امام ابوبکر صبغی راویوں پر جرح و تعدیل کے باب میں حاکم کی طرف رجوع کرتا تھا
- میں نے اپنے مشائخ سے سنا ہے کہ وہ حاکم کے زمانے کا ذکر کرتے ہوئے کہتے تھے کہ اس دور کے کے بزرگان جیسے ابو سہل صعلوکی، امام ابن فورک اور تمام ائمہ حاکم کو اپنے اوپر ترجیح دیتے تھے اس کے فضل و کمال و اس کی حرمت سے خوب آگاہ تھے
- ابو حازم عمر بن أحمد عبدوی کہتا ہے میں نے سنا حاکم ابو عبداللہ سے جو اپنے وقت اہل حدیثوں کا امام تھا
- سلمی کا بیان ہے کہ میں نے دارقطنی سے پوچھا ابن مندہ وہ ابن البیع (حاکم)میں کون بڑا حافظ اس نے کہا ابن البیع متقن حافظ ہے
- ابو حازم کہتا ہے میں تین سال کے قریب ابو عبداللہ عصمی کے پاس مقیم رہا میں نے اپنے مشائخ میں کسی کو بھی اس کے برابر نہیں دیکھا جب بھی اسے کسی مسئلے میں شک ہوتا تو مجھے حکم دیتا کہ

اسے لکھ کر حاکم کی سے دریافت کروں اور جب اس کے خط کا جواب آتا تو اس ہی پر حکم کرتا و یقین کرتا

- ابن طاہر کہتا ہے :"میں نے حافظ سعد بن علی سے پوچھا چار حافظ حدیث ہم عصر ہیں ،ان میں بڑا حافظ حدیث کون ہے؟کہنے لگا وہ کون ہیں؟میں نے کہا کہ بغداد میں دارقطنی،مصر میں عبدالغنی،اصفھان میں ابن مندہ،اور نیشاپور میں حاکم،تو کہا دارقطنی علل حدیث ہے کا،عبدالغنی انساب کا بڑا عالم ہے،ابن مندہ پے پاس حدیث کا زیادہ علم ہے اور اسے اس فن میں معرفت تامہ حاصل ہےاور حاکم تصنیف میں سب سے بڑھا ہوا ہے۔
- ابن طاہر کا بیان ہے کہ میں نے حاکم کے ہاتھ سے لکھا اس کا جمع کردہ حدیث طیر کا ضخیم جزء دیکھا
- میں کہتا ہوں تونے اسے دیکھا گویا ایسا ہے کہ جیسے ایک ہزار علماء حدیث کو دیکھا
- یہ حاکم کے وہ مناقب تھے جنھے ائمہ اہل سنت میں بیان کیا طوالت کے خوف سے اس ہی پر اکتفا کرتے ہیں، قابل غور امر یہ ہے کہ حاکم کی پانچ سو میں سے چند کتابوں کے سوا سب ضائع ہو گئیں تو پھر کیسے کہا جا سکتا ہے کہ اس کا یہ دعوی بغیر دلیل کے ہے شاہد مثال حدیث طیر ہی ہے بقول ابن طاہر یہ ایک ضخیم مجموعہ تھا جو آج ندارد ہے۔

(سیر اعلام النبلاء)

https://islamweb.net/ar/library/index.php?page=bookcontents&idfrom=4046&idto=4046&bk_no=60&ID=3905

سوال یہ ہے کہ کیا اس مقام و مرتبہ کا امام جھوٹ بولتا ہے کہ بغیر کسی دلیل کے تواتر کا جھوٹا دعوی کر سکتا ہے، یہ وہم و گمان تو ہرگز نہیں یا حاکم اپنے دعوے میں سچا تھا یا جھوٹا اور ناصبیوں کی اس سے بھی زیادہ بڑی مشکل ذہبی کا حاکم کی تحقیق کو تسلیم کرنا ہے، کیا تقیہ باز ناصبیوں میں اتنی جرات ہے کہ ان دونوں کو جھوٹا کہہ سکیں؟

جبکہ حقیقت یہ ہے کہ امیرالمومنین علیہ السلام کی ولادت بیت اللہ میں ہونے کے متعلق نہ فقط علماء کی تصریحات ہیں بلکہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم کی صحیح سند حدیث موجود ہے جسکو امام اہل سنت محمد بن یوسف گنجی نے متصل سند سے بیان کیا ہے لکھتے ہیں:

أخبرنا الشيخ المقري أبو إسحاق إبراهيم بن يوسف بن بركة الكتبي في مسجده بمدينة الموصل ومولده سنة « 554 هـ » ، قال : أخبرنا أبو العلاء الحسن بن أحمد ابن الحسن العطار الهمداني إجازة عامة إن لم تكن خاصة، أخبرنا أحمد بن محمد بن إسماعيل الفارسي، حدثنا فاروق الخطابي، حدثنا الحجاج بن المنهال عن الحسن ابن مروان بن عمران الغنوي عن شاذان بن العلاء، حدثنا عبد العزيز بن عبد الصمد عن مسلم بن خالد المكي المعروف بالزنجي عن أبي الزبير عن جابر بن عبد الله، قال : سألت رسول الله عن ميلاد علي بن أبي طالب، فقال : « لقد سألتني عن خير مولود وُلِدَ في شبه المسيح ، إنّ الله تبارك وتعالى خلق علياً من نوري وخلقني من نوره وكلانا من نور واحد، ثم إنّ الله عز وجل نقلنا من صُلب آدم في أصلاب طاهرة إلى أرحام زكية فما نقلت من صلب إلا ونُقِلَ عليٌّ معي فلم نزل كذلك حتى استودعني خيرَ رحمٍ وهي آمنة، واستودع علياً خيرَ رحمٍ وهي فاطمة بنت أسد، وكان في زماننا رجل زاهد عابد يقال له المبرم بن دعيب بن الشقبان قد عبد الله تعالى مأتين وسبعين سنة، لم يسأل الله حاجة فبعث الله إليه أبا طالب، فلما أبصره المبرم قام إليه، وقَبّلَ رأسه وأجلس بين يديه، ثم قال له : من أنت؟ فقال : رجلٌ من تهامة، فقال : من أي تهامة؟ فقال : من بني هاشم،

فوثب العابد فقبّل رأسه ثانية، ثم قال : يا هذا إنّ العلي الأعلى ألهمني إلهاماً، قال أبو طالب : وما هو؟ قال : ولد يولد من ظهرك وهو ولي الله عز وجل، فلما كانت الليلة التي وُلِدَ فيها عليٌّ أشرقت الأرض، فخرج أبو طالب، وهو يقول : أيها الناس وُلِدَ في الكعبة ولي الله عز وجل، فلما أصبح دخل الكعبة.

حضرت جابر بن عبداللہ علیہما الرحمہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم سے امیرالمومنین علیہ السلام کی ولادت کے متعلق سوال کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم نے فرمایا بے شک تم نے بہترین مولود کے متعلق مجھ سے پوچھا ہے جو حضرت عیسی علیہ السلام کی طرح پیدا ہوئے، اللہ سبحانہ تعالی نے علی کو میرے نور سے اور مجھ کو اس کے نور سے اور ہم دونوں کو ایک ہی نور سے خلق کیا اس کے بعد اللہ سبحانہ تعالی نے ہم کو آدم علیہ السلام کی صلب سے طیب و طاہر صلبوں میں اور پاکیزہ رحموں میں منتقل کیا پس میں کسی صلب میں منتقل نہیں ہوا مگر یہ کہ علی (علیہ السلام) میرے ساتھ تھے پس یہ سلسلہ جاری رہا یہاں تک کہ میں بہترین رحم میں منتقل ہوا اور وہ آمنہ (علیہا السلام) تھیں اور علی (علیہ السلام) بھی بہترین رحم میں منتقل ہوئے اور وہ فاطمہ بنت اسد (علیہما السلام) تھیں اور ہمارے زمانے میں ایک زاہد و عابد شخص تھا جس کو مبرم بن دعیب بن شقبان کہا جاتا تھا اس نے اللہ سبحانہ تعالی کی عبادت 270 سال تک کی اور اللہ سے کسی چیز کا سوال نہیں کیا پس اللہ سبحانہ تعالی نے اس کی طرف ابو طالب (علیہ السلام)کو بھیجا پس جیسے ہی مبرم کی نظر ان ان پر گی (ان کے احترام میں) اٹھا اور ان کی طرف بڑھ کر سر کا بوسہ لیا اور ان کو اپنے سامنے بیٹھایا پھر ان سے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا کہ تہامہ کا ایک آدمی پھر اس نے پوچھا کون سے تہامہ سے فرمایا بنی ہاشم سے، پس پھر عابد نے دوبارہ آپ کے سر کو چوما اور کہا اے شخص بلند و بالا (اللہ سبحانہ تعالی) نے مجھے الہام کیا ہے ابو طالب (علیہ السلام)نے فرمایا کیسا الہام ،کہا تمہاری پشت سے ایک بیٹا ہوگا تو وہ اللہ عزوجل کا ولی ہوگا، پس جس رات علی (علیہ السلام)کی ولادت

ہوئی تو تو زمین نورانی ہو گئی، پس ابوطالب (علیہ السلام) نکلے اور کہا اے لوگوں کعبے میں اللہ کا ولی پیدا ہو گیا، اور جب صبح ہوئی تو کعبہ میں داخل ہوئے۔

٤٠٥

بو علي بن ابي القاسم
، اخبرنا محمد بن
محمد ، اخبرنا محمد
، محمد بن عبدالرحمان
اسرائيل ؛ عن
ن علي بن ابي طالب
حدثنا معتمر ، عن
ـمنين علي بن ابي

الباب السابع

في مولده عليه السلام

اخبرنا الشيخ المقرى ابو اسحاق ابراهيم بن يوسف بن بركة الكتبي في مسجده بمدينة الموصل — ومولده سنة ٥٥٤ — قال : اخبرنا ابو العلا الحسن بن احمد بن الحسن العطار الهمداني إجازة عامة إن لم تكن خاصة ، اخبرنا احمد بن محمد بن اسماعيل الفارسي ، حدثنا فاروق الخطابي ، حدثنا الحجاج ابن المنهال عن الحسن بن مروان بن عمران الغنوي ، عن شاذان بن العلاء ،

(١٠٨٧) كنز العمال ٣ : ٣٣٦ ، نور الابصار ٩٤ .

٤٠٦

حدثنا عبد العزيز بن عبد الصمد عن مسلم بن خالد المكي المعروف بالزنجي عن ابى الزبير ، عن جابر بن عبد الله ، قال : سألت رسول الله ﷺ عن ميلاد علي بن ابي طالب فقال : لقد سألتني عن خير مولود ولد في شبه المسيح عليه السلام إن الله تبارك وتعالى خلق علياً من نوري وخلقني من نوره ، وكلانا من نور واحد ، ثم إن الله عز وجل نقلنا من صلب آدم عليه السلام في اصلاب طاهرة الى ارحام زكية فما نقلت من صلب إلا ونقل علي معي ، فلم نزل كذلك حتى استودعني خير رحم وهي آمنة ، واستودع علياً خير رحم وهي فاطمة بنت أسد وكان في زماننا رجل زاهد عابد يقال له المبرم بن دعيب بن الشقبان ، قد عبد الله تعالى مائتين وسبعين سنة لم يسأل الله حاجة ، فبعث الله اليه ابا طالب فلما ابصره المبرم قام اليه وقبل رأسه وأجلسه بين يديه ، ثم قال له من أنت ؟ فقال : رجل من تهامة ، فقال : من أي تهامة ؟ فقال : من بني هاشم ، فوثب العابد فقبل رأسه ثانية ، ثم قال : يا هذا إن العلي الأعلى ألهمني إلهاماً قال : ابو طالب وما هو ؟ قال : ولد يولد من ظهرك وهو ولي الله عز وجل فلما كان الليلة التي ولد فيها علي اشرقت الأرض ، فخرج ابو طالب وهو يقول : أيها الناس ولد في الكعبة ولي الله عز وجل ، فلما اصبح دخل الكعبة وهو يقول :

يا رب هذا الغسق الدجى — والقمر المنبلج المضي
بين لنا من أمرك الخفي — ماذا ترى في إسم ذا الصبي

قال فسمع صوت هاتف يقول :

يا اهل بيت المصطفى النبي — خصصتم بالولد الزكي
إن اسمه من شامخ العلي — علي اشتق من العلي (١٠٨٧)

(١٠٨٨) تذكرة الخواص ١٢ ، الغدير ٦ : ٢١ ـ ٣٨ فصل : ولادة امير المؤمنين في الكعبة .

الكنجي الشافعي : عن رسول الله ص علي ع ولد في الكعبة

کنجی شافعی نے اپنی کتاب کے مقدمہ میں اس امر کی وضاحت کر دی ہے کہ وہ کتاب میں فقط وہی صحیح احادیث نقل کریگا جو اس مختلف شہروں میں اپنے مشائخ سے سنیں جوکہ ائمہ و حفاظ کی کتب میں موجود ہیں:

إملاء كتابٍ يشتمل على بعض ما رويناه عن مشايخنا في البلدان، من أحاديث صحيحةٍ من كتب الأئمّة والحُفّاظ في مناقب أمير المؤمنين عليٍّ عليه السّلام

كفاية الطالب

في مناقب علي بن ابي طالب عليه السلام

الحافظ

محمد بن يوسف الكنجي الشافعي

حضر المجلس صدور البلد من النقباء والمدرسين والفقهاء وأرباب الحديث ، فذكرت بعد الدرس احاديث ، وختمت المجلس بفصل في مناقب اهل البيت عليهم السلام فطعن بعض الحاضرين ـ لعدم معرفته بعلم النقل ـ في حديث زيد بن ارقم في غدير خم (٣) .

وفي حديث عمار في قوله صلى الله عليه وآله : (طوبى لمن احبك وصدّق فيك) (٤) فدعتني الحمية لمحبّيهم على إملاء كتاب يشتمل على بعض ما رويناه عن مشايخنا في البلدان ، من احاديث صحيحة من كتب الأئمة والحفاظ في مناقب امير المؤمنين علي عليه السلام ، الذي لم ينل رسول الله صلى الله عليه وآله فضيلة في آبائه وطهارة في مولده إلا وهو قسيمة فيها ، تأسياً بما رويناه عن علي بن محمد بن عبد الصمد السخاوي إمام القراء بجامع دمشق (٥) ، وعلي بن هبة الله سلامة ابن الجميزي الخطيب بمصر (٦) ، وعبد الله بن الحسين بن رواحة بحلب (٧) وغيرهم ، قالوا اخبرنا الحافظ ابو طاهر احمد بن محمد السلفي (٨) ، انبأنا القاضي ابو المحاسن عبدالواحد

---

(٣) الصحابي المعروف ، المتوفى ٦٦ / ٦٨ مسند احمد بن حنبل ٤ : ٣٦٨ خصائص النسائي ، الكنى والاسماء ٢ : ٦١ ، المستدرك ٣ : ١٠٩ ، الرياض النضرة ٢ ، ١٦٩ ، الفصول المهمة : ٢٣ ، بطرق اخرى تجدها في الغدير ١ : ٢٩ ـ ٣٧ .

(٤) عن عمار بن ياسر قال : سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله يقول لعلي: يا علي طوبى لمن احبك وصدق فيك ، وويل لمن ابغضك وكذب فيك ؛ مستدرك الصحيحين ٣ : ١٣٥ ، تاريخ بغداد ٩ : ٧١ بطريقين ، مجمع الزوائد ٩ : ١٣٢ ، الرياض النضرة ٢ : ٢١٥ ، ذخائر العقبى : ٩٢ .

(٥ ـ ٨) تأتي تراجمهم في الصفحات التالية

اہل سنت کے یہاں یہ اصول ہے کہ حدیث کی تصحیح اس کے راویوں کی توثیق ہوتی ہے۔

ذہبی لکھتا ہے:

الثقة: مَن وثَّقَه كثيرٌ، ولم يُضعَّف. ودُونَه: مَن لم يُوَثَّق ولا ضُعِّف. فإن خُرِّج حديثُ هذا في الصحيحين، فهو مُوَثَّق بذلك. وإن صَحَّح له مثلُ الترمذيّ وابنِ خزيمة، فجيِّدٌ أيضاً. وإن صَحَّحَ له كالدارقطنِّ والحاكم، فأقلُّ أحوالهِ: حُسْنُ حديثه."

"ثقہ وہ ہے جسے اکثریت ثقہ کہے، اور اس کی تضعیف نہ کی گئی ہو۔ اُس سے کم درجے میں وہ ہے جس کی نہ توثیق کی گئی اور نہ تضعیف، پس اگر ایسے شخص کی حدیث اگر صحیحین میں مروی ہو تو اس وجہ سے وہ اس کی توثیق ہو گی، اور اگر اس کی حدیث کی ترمذی، اور ابن خزیمہ تصحیح کریں تو وہ بھی اسی طرح جید ہو گی، اور اگر الدارقطنی اور الحاکم اس کی حدیث کی تصحیح کریں تو اس کا کم سے کم حال یہ ہو گا کہ وہ حسن الحدیث ٹھہرے گا"

"الموقظة في علم المصطلح 78"

https://al-maktaba.org/book/8195/57

<u>ابن حجر عبد الله بن عبد الرحمن الطائفي کے متعلق لکھتا ہے:</u>

"قلت صحّح بن خُزَيْمَة حَدِيثه وَمُقْتَضَاهُ أَن يكون عِنْده من الثِّقَات"

"میں کہتا ہوں: ابن خزیمۃ نے ان کی حدیث کی تصحیح کی ہے جو اس بات کا متقاضی ہے کہ وہ اس کے نزدیک ثقات میں سے تھا

(تعجيل المنفعة 248)

http://www.shiaonlinelibrary.com/%D8%A7%D9%84%D9%83%D8%AA%D8%A8/3325_%D8%AA%D8%B9%D8%AC%D9%8A%D9%84-%D8%A7%D9%84%D9%85%D9%86%D9%81%D8%B9%D8%A9-%D8%A7%D8%A8%D9%86-%D8%AD%D8%AC%D8%B1/%D8%A7%D9%84%D8%B5%D9%81%D8%AD%D8%A9_248

محمد بن یوسف شافعی کے متعلق ناصبیوں نے یہ افترا پردا زی کی کہ وہ شیعہ تھا لحاظہ اس کی بیان کردہ روایات قابل قبول نہیں، ان شاء اللہ محدثین اہل سنت کے بنائے ہوئے اصولوں پر ہی ثابت کریں گے کہ نہ فقط کنجی شافعی مذہب اہلسنت پر تھا بلکہ ائمہ اہل سنت میں اس کا شمار ہوتا تھا۔

چنانچہ کنجی کا ہم عصر اور ساتھی محدث امام علاءالدین علی بن مظفر کندی لکھتا ہے:

الإمام العالم الحافظ فخر الدين أبو عبد الله محمد بن يوسف بن محمد النوفلي المعروف بالكنجي

الرسالة - الإمام الشافعي مقدمة المحقق ص 61.

http://shiaonlinelibrary.com/%D8%A7%D9%84%D9%83%D8%AA%D8%A8/819_%D8%A7%D9%84%D8%B1%D8%B3%D8%A7%D9%84%D8%A9-%D8%A7%D9%84%D8%A5%D9%85%D8%A7%D9%85-%D8%A7%D9%84%D8%B4%D8%A7%D9%81%D8%B9%D9%8A/%D8%A7%D9%84%D8%B5%D9%81%D8%AD%D8%A9_59

گنجی کو ان القاب سے نوازنے والا کندی خود بھی علمائے اہل سنت میں بڑے مقام و مرتبہ والا امام و عالم ہے کہ جو متعدد علوم میں مہارت رکھنے کے سبب قابل احترام شخصیت شمار ہوتا ہے چنانچہ ابن کثیر نے اس کے محاسن کا تذکرہ کیا ہے لکھتا ہے :

الشَّيْخُ الْإِمَامُ الْمُقْرِئُ الْمُحَدِّثُ النَّحْوِيُّ الْأَدِيبُ عَلَاءُ الدِّينِ عَلِيُّ بن المظفر بن إبراهيم بن عمر ابن زَيْدِ بْنِ هِبَةِ اللَّهِ الْكِنْدِيُّ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ، ثُمَّ الدِّمَشْقِيُّ، سَمِعَ الْحَدِيثَ عَلَى أَزْيَدَ مِنْ مِائَتَيْ شَيْخٍ وَقَرَأَ الْقِرَاءَاتِ السَّبْعَ، وَحَصَّلَ عُلُومًا جَيِّدَةً، وَنَظَمَ الشِّعْرَ الْحَسَنَ الرَّائِقَ الْفَائِقَ، وَجَمَعَ كِتَابًا فِي نَحْوٍ مَنْ خَمْسِينَ مُجَلَّدًا، فِيهِ عُلُومٌ جمة أكثرها أدبيات سماها التَّذْكِرَةَ الْكِنْدِيَّةَ، وَقَفَهَا بِالسُّمَيْسَاطِيَّةِ وَكَتَبَ حَسَنًا وَحَسَبَ جَيِّدًا، وَخَدَمَ فِي عِدَّةِ خِدَمٍ، وَوَلِيَ مَشْيَخَةَ دَارِ الْحَدِيثِ النَّفِيسِيَّةِ فِي مُدَّةِ عَشْرِ سِنِينَ وَقَرَأَ صَحِيحَ الْبُخَارِيِّ مَرَّاتٍ عَدِيدَةً، وَأَسْمَعَ الْحَدِيثَ، وَكَانَ يَلُوذُ بِشَيْخِ الْإِسْلَامِ ابْنِ تَيْمِيَّةَ، وَتُوُفِّيَ ببستان عند قبة المسجد لَيْلَةَ الْأَرْبِعَاءِ سَابِعَ عَشَرَ رَجَبٍ، وَدُفِنَ بِالْمِزَّةِ عَنْ سِتٍّ وَسَبْعِينَ سَنَةً.

(البداية والنهاية ج 14 ص 89)

البداية والنهاية ط الفكر

الشرف صالح بن محمد بن عربشاه

ابن أبي بكر الهمداني، مَاتَ فِي جُمَادَى الْآخِرَةِ وَدُفِنَ بِمَقَابِرِ التَّيْرِبِ، وَكَانَ مَشْهُورًا بِطِيبِ الْقِرَاءَةِ وَحُسْنِ السِّيرَةِ، وَقَدْ سمع الحديث وروى جزءا.

ابْنِ عَرَفَةَ صَاحِبُ التَّذْكِرَةِ الْكِنْدِيَّةِ

الشَّيْخُ الْإِمَامُ الْمُقْرِئُ الْمُحَدِّثُ النَّحْوِيُّ الْأَدِيبُ عَلَاءُ الدِّينِ عَلِيُّ بن المظفر بن إبراهيم بن عمر ابن زَيْدِ بْنِ هِبَةِ اللَّهِ الْكِنْدِيُّ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ، ثُمَّ الدِّمَشْقِيُّ، سَمِعَ الْحَدِيثَ عَلَى أَزْيَدَ مِنْ مِائَتَيْ شَيْخٍ وَقَرَأَ الْقِرَاءَاتِ السَّبْعَ، وَحَصَّلَ عُلُومًا جَيِّدَةً، وَنَظَمَ الشِّعْرَ الْحَسَنَ الرَّائِقَ الْفَائِقَ، وَجَمَعَ كِتَابًا فِي نَحْوٍ مِنْ خَمْسِينَ مُجَلَّدًا، فِيهِ عُلُومٌ جمة أكثرها أدبيات سماها التَّذْكِرَةَ الْكِنْدِيَّةَ، وَقَفَهَا بِالسُّمَيْسَاطِيَّةِ وَكَتَبَ حَسَنًا وَحَسَبَ جَيِّدًا، وَخَدَمَ فِي عِدَّةِ خِدَمٍ، وَوَلِيَ مَشْيَخَةَ دَارِ الْحَدِيثِ النَّفِيسِيَّةِ فِي مُدَّةِ عَشْرِ سِنِينَ وَقَرَأَ صَحِيحَ الْبُخَارِيِّ مَرَّاتٍ عَدِيدَةً، وَأَسْمَعَ الْحَدِيثَ، وَكَانَ يَلُوذُ بِشَيْخِ الْإِسْلَامِ ابْنِ تَيْمِيَّةَ، وَتُوُفِّيَ ببستان عند قبة المسجد لَيْلَةَ الْأَرْبِعَاءِ سَابِعَ عَشَرَ رَجَبٍ، وَدُفِنَ بِالْمِزَّةِ عَنْ سِتٍّ وَسَبْعِينَ سَنَةً.

الطَّوَاشِيُّ ظَهِيرُ الدِّينِ مختار

البكنسي الخزندار بالقلعة وأحد أمراء الطبلخانات بدمشق، كان زكيا خبيرا فَاضِلًا، يَحْفَظُ الْقُرْآنَ وَيُؤَدِّيهِ بِصَوْتٍ طَيِّبٍ، وَوَقَفَ مَكْتَبًا لِلْأَيْتَامِ عَلَى بَابِ قَلْعَةِ دِمَشْقَ، وَرَتَّبَ لهم الكسوة

إخفاء التشكيل 78 14

2 ابو شامہ مقدسی لکھتا ہے:

الفخر محمّد بن يوسف بن محمّد الكنجي، وكان من أهل العلم بالفقه والحديث، لكنه كان فيه كثرة كلام، وميل إلى مذهب الرافضة، جمع لهم كتباً توافق أغراضهم، وتقرّب بها إلى الرؤساء منهم في الدولتين الإسلامية والتاتارية،

الذيل على الروضتين ص 208

فخر محمد بن یوسف بن محمد گنجی اور وہ فقہ و حدیث کے عالموں میں سے تھا مگر اس کے متعلق بہت کلام کیا گیا ہے اس کا میلان مذہب رافضہ کی طرف تھا ان نے ایک کتاب بھی لکھی جو ان کی غرائض کے موافق تھی اور اس کے سبب اس نے دونوں حکومتوں کا تقرب حاصل کیا اسلامی اور تاتری، ابو شامہ نے اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ وہ فقہ و حدیث کا عالم تھا، رہی بات اس پر کلام کرنے والوں کی تو مشخص نہیں کلام

